Misba-hudduja University
جامعہ مصباحُ الدُّجیٰ
phone: 042-36127790 0300-7473505 www.mu.edu.pk
E-Mail:misbahudduja@yahoo.com
نیاز بیگ(ٹھوکر) لاہور پاکستان

## معروضی مشق نمبر 3 (قرأت ومسائل دینیہ فرسٹ سمیسٹر)

رجسٹریشن نمبر:............ تاریخ:............

نام سٹوڈنٹ............ ولدیت............ فون:............

پتہ............

ای میل:............ دستخط سٹوڈنٹ............

### حصہ: وضوءِ رسولؐ (درس3)

1. جبیرہ کسے کہتے ہیں؟............

2. اگر کسی شخص کے وضو کے اعضاء پر زخم ہو یا وضو کا کوئی اعضاء ٹوٹا ہوا ہو اور وہ معمول کے مطابق وضو بھی کرسکتا ہو، تو کیا وہ وضو جبیرہ کرے گا؟............

3. جب چہرے یا ہاتھوں پر زخم ہو اور زخم کا اوپر والا حصّہ کھلا ہو اور اس پر پانی ڈالنے سے ضرر کا اندیشہ ہو، ایسی صورت میں وضو کا کیا حکم ہے؟............

4. اگر زخم یا ٹوٹی ہوئی ہڈی کسی شخص کے سر کے اگلے حصّے یا پاؤں پر ہو اور اس کا منہ کھلا ہو، اس پر مسح نہ کرسکتا ہو، وضو کا کیا حکم ہے؟............

5. وضو جبیرہ میں اگر دھونے والی جگہوں کا دھونا اور مسح کرنے والی جگہوں کا مسح کرنا ممکن نہ ہو، تو وضو کرنے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟............

6. اگر جبیرہ زخم کے آس پاس کے حصّوں کو معمول سے زیادہ گھیرے ہوئے ہو اور اس کو ہٹانا بھی ممکن نہ ہو، تو ایسا شخص وضو کے لیے کیا کرے؟............

7. اگر جبیرہ پورے چہرے یا پورے بازو پر پھیلا ہوا ہو، کیا معمول کے مطابق وضو کرلینا کافی ہے؟............

8. اگر کسی شخص کی ہتھیلی اور انگلیوں پر جبیرہ ہو اور وضو کرتے وقت اس نے تر ہاتھ اس پر کھینچا ہو، اسے سر اور پاؤں کا مسح کس تری سے کرنا چاہیے؟............

9. اگر چہرے یا بازوؤں پر کئی ایک جبیرے ہوں تو ان جبیروں کے درمیانی حصّے کا کیا حکم ہے؟............

10. کن کاموں کے لیے وضو کرنا واجب ہے؟............

11. اگر کوئی شخص بغیر وضو کے نماز پڑھ لے اور بعد میں اسے یاد آئے تو کیا اس کی نماز درست ہے؟............

12. وہ کون کون سی تحریریں ہے جن کو بغیر وضو کے بدن کا کوئی حصّہ مس نہیں کیا جاسکتا ان میں سے کوئی سی دو کا ذکر کریں؟.........

.......................................................................................................

13. کیا قرآن مجید پڑھنے یا مسجد اور آئمہ کے حرم میں داخل ہونے کے لیے وضو کرنا واجب ہے؟.........

.......................................................................................................

14. کتنے امور ہیں جن سے وضو باطل ہو جاتا ہے کوئی دو کا ذکر کریں؟.........

.......................................................................................................

## حصّہ: **نماز رسولؐ** (درس4)

1. واجب نمازیں کتنی ہیں کوئی تین کا ذکر کریں؟.........

.......................................................................................................

2. نوافل یومیہ کی تعداد بیان کریں؟.........

.......................................................................................................

3. نماز فجر کے فریضہ اور نافلہ کتنے ہیں اور کب پڑھے جاتے ہیں؟.........

.......................................................................................................

4. نماز ظہر کے فریضہ اور نافلہ کتنے ہیں اور کب پڑھے جاتے ہیں؟.........

.......................................................................................................

5. نماز عصر کے فریضہ اور نافلہ کتنے ہیں اور کب پڑھے جاتے ہیں؟.........

.......................................................................................................

6. نماز مغرب کے فریضہ اور نافلہ کتنے ہیں اور کب پڑھے جاتے ہیں؟.........

.......................................................................................................

7. نماز عشاء کے فریضہ اور نافلہ کتنے ہیں اور کب پڑھے جاتے ہیں؟.........

.......................................................................................................

8. نماز شب کتنی رکعت ہے اور کب پڑھی جاتی ہے؟.........

.......................................................................................................

9. مقدمات نماز کتنے ہیں کوئی دو کا تذکرہ کریں؟.........

.......................................................................................................

10. یومیہ پانچ نمازوں کے اوقات میں سے کسی ایک نماز کا وقت تحریر کریں؟.........

.......................................................................................................

11. کیا غصبی جگہ پر نماز پڑھنا جائز ہے؟.........

.......................................................................................................

12. جس جگہ سجدہ کیا جائے اگر وہ جگہ دو اینٹ کی مقدار کے برابر بلند ہو تو کیا نماز صحیح ہے؟.........

.......................................................................................................

13. مرد کے لیے حالت نماز میں جسم کا کتنا حصّہ چھپانا واجب ہے؟...........................................................

14. عورت کے لیے حالت نماز میں جسم کا کتنا حصّہ چھپانا لازم ہے؟...........................................................

15. کیا مرد عید کے موقع پر خالص ریشمی لباس میں نماز پڑھ سکتا ہے؟...........................................................

16. کیا مرد اپنی شادی کے موقع سونے کی انگوٹھی پہن سکتا ہے؟...........................................................

17. واجبات نماز کتنے ہیں؟...........................................................

18. واجبات نماز رکنی کون کون سے ہیں؟...........................................................

19. واجبات نماز غیر رکنی کون کون سے ہیں؟...........................................................

20. حالت نماز میں کون سا قیام رکنی ہے اور کون سا غیر رکنی ہے؟...........................................................

21. کیا نماز سے پہلے اذان اور اقامت واجب ہے؟...........................................................

22. کن چیزوں پر سجدہ کرنا جائز ہے؟...........................................................

23. کن چیزوں پر سجدہ کرنا جائز نہیں ہے؟...........................................................

24. کس چیز پر سجدہ کرنے کا زیادہ ثواب ہے؟...........................................................

## حصہ: **نماز رسولؐ** (درس5)

1. نماز میں کون کون سے قیام واجب رکنی ہے؟...........................................................
2. نماز میں کونسا قیام واجب غیر رکنی ہے؟...........................................................
3. نماز میں کونسا قیام مستحب ہے؟...........................................................
4. اگر نمازی نے کوئی سورۃ ابھی آدھی سے کم پڑھی ہو اور وہ کسی دوسری سورۃ کی طرف لوٹنا چاہتا ہو اس کے لیے کیا حکم ہے؟...........................................................
5. سورۃ الحمد کی تلاوت کے بعد وہ کون سی سورتیں ہیں اگر نمازی انہیں پڑھنا شروع کرلے تو کسی اور سورۃ کی طرف لوٹنا جائز نہیں سوائے بھول جانے کے؟...........................................................

6. کیا واجبی نماز میں وہ سورتیں پڑھی جاسکتی ہیں جن میں سجدہ کرنا واجب ہو؟..........................

..................................................

7. نماز میں قرأت کرتے وقت حروف کیسے ادا کرنے چاہییں؟..........................

..................................................

8. سورۃ الحمد اور کسی دوسری سورۃ سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنا کیوں ضروری ہے؟..........................

..................................................

9. نماز پنجگانہ میں سے وہ کون سی نمازیں ہیں جن میں سورۃ الحمد اور دوسرا سورۃ بالجہر (بلند) پڑھا جائے گا؟..........................

..................................................

10. جن نمازوں میں سورۃ الحمد اور دوسرا سورۃ اخفات (آہستہ) سے پڑھنا ضروری ہے وہاں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنے کا کیا حکم ہے؟..........................

..................................................

11. عورتوں کے لیے نماز میں سورۃ الحمد اور دوسرا سورۃ بالجہر یا اخفات سے پڑھنے کا کیا حکم ہے؟..........................

..................................................

12. حالت نماز میں مرد کے پاؤں کے درمیان کتنا فاصلہ ہونا چاہیے اور عورت کے پاؤں کے درمیان کتنا؟..........................

..................................................

13 سجدے کے لئے پیشانی کس چیز پر رکھی جائے کہ سجدہ کرنا صحیح ہو؟..........................

..................................................

14. حالت سجدہ میں مرد کے اعضاء کی کیفیت کیا ہونی چاہیے اور عورت کے اعضاء کی کیا ہونی چاہیے؟..........................

..................................................

15. کون سے کاغذ پر سجدہ کرنا جائز ہے؟..........................

..................................................

16. نماز میں جلسہ استراحت سے کیا مراد ہے؟..........................

..................................................

17. اگر کوئی شخص عمداً (جان بوجھ کر) نماز کا جز جو بعد میں ہے اس کو پہلے بجالائے تو اس کی نماز کے لیے کیا حکم ہے؟..........................

..................................................

## حصّہ: ہمارے عقائد قرآن اور آسمانی کتابیں (تیسرا باب)

1. آسمانی کتابوں کے نزول کا فلسفہ کیا ہے؟..........................

..................................................

2. پیغمبر اسلام کا سب سے بڑا معجزہ کیا ہے؟..........................

..................................................

3. آج دنیا کے مسلمانوں کے پاس جو قرآن ہے کیا یہ وہی قرآن ہے جو پیغمبر اسلام پر نازل ہوا تھا؟..........................

..................................................

4. قیامت تک قرآن مجید کی حفاظت کس کے ذمے ہے قرآن کی آیت کا حوالہ بھی دیں؟..........................

..........................................................................................

5. قرآن مجید میں انسانی زندگی کے کون سے مسائل بیان کیے گئے ہیں جن پر عمل درآمد سے ہماری زندگی روشن ہوجاتی ہے؟..........

..........................................................................................

6. کیا اسلام حکومت اور سیاست سے جدا ہے؟..........

..........................................................................................

7. قرآن کی تلاوت کرنا اور اس کے معانی اور مطالب میں تدبّر اور تفکر کرنے کا کیا حکم ہے؟..........

..........................................................................................

8. جولوگ قرآن کی تلاوت اور اسے حفظ کرنے کو کافی سمجھتے ہیں قرآن میں تدبر اور اس پر عمل سے محروم رہتے ہیں ان کے بارے میں کیا حکم ہے؟..........

..........................................................................................

9. قرآن کے متعلق گمراہ کن بحثیں کن ادوار میں چھیڑی گئیں جس کی وجہ سے بہت سی جانیں ضائع ہوئیں؟..........

..........................................................................................

10. بعض لوگ قرآن کی تفسیر میں صرف عرفی اور لغوی معنی کے قائل ہیں ان کے خیال میں عقلی قرینے سے تفسیر کرنا جائز نہیں ہے کیا یہ عقیدہ درست ہے اگر نہیں تو رد میں قرآن کی آیت کا حوالہ دیں؟..........

..........................................................................................

..........................................................................................

11. تفسیر بالرائے سے کیا مراد ہے؟..........

..........................................................................................

12. تفسیر بالرائے کرنے والے کے لیے شرعی حکم کیا ہے؟..........

..........................................................................................

13. کیا ہمارے لئے صرف قرآن کافی ہے یا رسولؐ کے اقوال اور افعال بھی حجت ہیں جواب میں قرآن کی آیت کا حوالہ دیں؟..........

..........................................................................................

14. کیا آئمہ اہل بیتؑ کی اطاعت واجب ہے حدیث رسولؐ سے وضاحت کریں؟..........

..........................................................................................

## حصہ: **فرمان رسولؐ** (درس 1 تا 6 ہر درس کی 4 حدیث)

1. حضور اکرمؐ کب سے خاتم النبیین کے عہدہ پر فائز ہیں۔ مشکوۃ شریف کے حوالے سے بیان کریں؟..........

..........................................................................................

2. حضرت عرباض بن ساریہؓ کے مطابق حضورؐ کس نبی کی دعا ہیں اور کس نبی کی بشارت ہیں؟..........

..........................................................................................

3. آپؐ کی ولادت کے وقت کون سا عظیم واقعہ رونما ہوا اور کس ہستی نے کون سی علامت اپنی آنکھوں سے دیکھی؟..........

..........................................................................................

4. شب معراج رسول اکرمؐ نے عرش کے ستونوں پر جو کلمہ لکھا ہوا دیکھا اسے تحریر کریں اور کتاب کا حوالہ بھی دیں؟..........

..........................................................................................................................................................................................................

5. حضرت امام شافعیؒ کے مطابق اہل بیتؑ کی محبت کا قرآن میں کیا حکم ہے؟..........................................................................

..........................................................................................................................................................................................................

6. ”مَنۡ لَمۡ یُصَلِّ عَلَیۡکُمۡ لَا صَلَاۃَ لَہٗ“ کا ترجمہ کریں اور کتاب کا حوالہ بھی دیں؟..........................................................

..........................................................................................................................................................................................................

7. حدیث مبارکہ ”اَنۡتَ مِنِّی بِمَنۡزِلَۃِ ھَارُوۡنَ مِنۡ مُوۡسٰی اِلَّا اَنَّہٗ لَا نَبِیَّ بَعۡدِیۡ“ کا ترجمہ کریں اور کتاب کا حوالہ بھی دیں؟...............

..........................................................................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................................................................

8. اس جنگ کا نام بتائیں جس کے لیے حضورؐ تشریف لے گئے اور حضرت علی علیہ السلام کو اپنے بعد مدینہ میں اپنا جانشین مقرر فرمایا؟..................

..........................................................................................................................................................................................................

9. حضورؐ کے کتنے خلفاء ہوں گے اور ان کا تعلق کس خاندان سے ہو گا صحاح ستہ میں سے کسی کتاب کا حوالہ دیں؟..................................

..........................................................................................................................................................................................................

10. آپ کیسے ثابت کریں گے کہ اس وقت تک قیامت نہیں آئے گی جب تک حضورؐ کے بارہ خلفاء نہیں آئیں گے اہل سنت کی معتبر کتاب کا حوالہ دیں؟........

..........................................................................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................................................................

11. حدیث مبارکہ ”عَلِیٌّ وَ شِیۡعَتُہٗ ھُمُ الۡفَائِزُوۡنَ یَوۡمَ الۡقِیَامَۃِ“ کا ترجمہ کریں اور اہل سنت کی کسی ایک معتبر کتاب کا حوالہ دیں؟..................

..........................................................................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................................................................

## حصّہ: **کلام خدا** (آیت درود)

1. آیت درود کا ترجمہ لکھیں؟..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................................................................

2. ”صلات“ کی نسبت اگر اللہ، فرشتوں اور مومنین کی طرف ہو تو کیا معنی ہیں؟..................................................................

..........................................................................................................................................................................................................

3. حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے لیے ہم سے درود کا مطالبہ کس لئے ہے؟........................................................................

..........................................................................................................................................................................................................

4. تفسیر صافی میں ”صلواۃ“ کا کیا معنی ہے؟...................................................................................................................

..........................................................................................................................................................................................................

5. کیا درود کے بغیر دعا قبول ہو سکتی ہے کتاب کا بھی حوالہ دیں؟......................................................................................

..........................................................................................................................................................................................................

6. حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے مطابق ایک دفعہ درود پڑھنے کا کتنا ثواب ہے؟........................................................

..........................................................................................................................................................................................................

7. ”یصلون“ کو فعل مضارع کی صورت میں لانے سے کیا مراد ہے؟..............................................................................

..............................................................................................................................................................

8. ''صلوا''اور'' سلموا'' کے درمیان کیا فرق ہے؟..............................................................................

..............................................................................................................................................................

9. کیا حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر درود بھیجتے وقت آل محمد علیہم السلام کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے؟........................

..............................................................................................................................................................

10. بعض اہل سنت اور متعدد شیعہ روایات میں محمد و آل محمد علیہم السلام کے درمیان لفظ ''علی'' کے ساتھ فاصلہ نہ ہونے کی کیا وجہ ہے؟..............

..............................................................................................................................................................

11. دم بریدہ درود سے کیا مراد ہے اور مکمل درود کیا پڑھنا چاہیے کتاب کا حوالہ بھی دیں؟..........................................

..............................................................................................................................................................

12. فقہاء کے نزدیک نماز کے تشہد میں درود پڑھنے کا کیا حکم ہے؟.....................................................................

..............................................................................................................................................................

13. حضرت امام شافعیؒ کے نزدیک اگر نماز میں اہل بیتؑ پر درود نہ بھیجا جائے تو کیا حکم ہے؟.......................................

..............................................................................................................................................................

14. بعض اہل سنت حضرات آل محمد علیہم السلام کے ساتھ فضیلت و شرافت میں ظاہر کرنے کے لیے اصحابؓ اور ازواجؓ کو بھی درود کی عبارت میں شامل کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں لیکن خود ہی اپنے اس دعویٰ کی تردید کیسے کرتے ہیں؟..............................................................................

..............................................................................................................................................................

## (آیت خلافت)

1. حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کا مقصد بیان کریں؟..............................................................................

..............................................................................................................................................................

2. قرآن مجید کی روشنی میں لفظ ''خلیفہ'' کی وضاحت کریں؟..........................................................................

..............................................................................................................................................................

3. اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو کس کا خلیفہ قرار دیا آپ کے خیال میں کون سی تفسیر مناسب ہے؟........................

..............................................................................................................................................................

4. حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کے مطابق خلافت الٰہیہ کی حقدار کون سی ہستیاں ہیں؟............................

..............................................................................................................................................................

5. فرشتوں نے حضرت آدمؑ کی خلافت پر حقیقت کو نہ جاننے کی غرض سے اعتراض کیا یا وہ واقعی حضرت آدمؑ کی خلافت پر معترض تھے؟......

..............................................................................................................................................................

6. فرشتوں نے کیسے گمان کر لیا کہ وہ انسان جسے اللہ سربراہی دینا چاہتا ہے وہ فساد کرے گا، خون بہائے گا اور خرابیاں کرے گا؟.......

..............................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................

7. کیا فرشتے زمین پر خلافت کے خود بھی امیدوار تھے؟..............................................................................

.................................................................................................................................................

8. ان الفاظ "تسبیح ،حمد،تقدیس" کی وضاحت کریں؟..................................................................

.................................................................................................................................................

9. اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو جن اسماء کی تعلیم دی وہ کیا تھے؟..................................................

.................................................................................................................................................

10. مقام خلافت جو خدا کی طرف سے دیا گیا وہ حضرت آدم علیہ السلام کی ہی شخصیت سے مخصوص تھا یا جب تک اس دنیا میں انسان موجود رہیں گے خلیفۃ اللہ کا وجود ضروری ہے۔ وضاحت کریں؟...................................................................................................................

.................................................................................................................................................

.................................................................................................................................................

11. خدا نے حضرت آدم علیہ السلام کو کس طرح علوم کی تعلیم دی تھی؟.................................................

.................................................................................................................................................

12. کیا یہ عجیب مقابلہ نہیں ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے نام بتادیے اور فرشتوں کو نہیں بتائے اس سے اللہ کے عدل پر زد نہیں آتی ؟

.................................................................................................................................................

.................................................................................................................................................

13. جب فرشتوں پر حضرت آدم علیہ السلام کی برتری واضح ہوگئی تو اس مرحلے پر پہنچ کر انہوں نے کیا نتائج حاصل کئے؟.........................

.................................................................................................................................................

.................................................................................................................................................

14. اگر یہ بات مان لی جائے کہ اللہ نے حضرت آدم علیہ السلام کو تمام موجودات کے خواص ان کے نام اور اسرار کا علم دے دیا تو پھر قرآن میں ضمیر "هم" لفظ "اسمائهم" اور لفظ "هولاء" کیوں استعمال ہوئے جو عموماً افرادِ عاقل کے لئے استعمال ہوتے ہیں؟.....................................................

.................................................................................................................................................

.................................................................................................................................................

## ﴿ ناظرہ مشق ، زبانی مشق ، عملی مشق ﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **ناظرہ مشقیں:** | (i) **معلّم تجوید و قرأت** ۔اوّل (سبق 33 تا 48) | ضعیف | متوسط | خوب | خیلی خوب |
| | (ii) **زیارت عاشورہ** | ضعیف | متوسط | خوب | خیلی خوب |
| | (iii) **زیارت آخر روز عاشورہ** | ضعیف | متوسط | خوب | خیلی خوب |
| **زبانی مشق:** | (i) **دعائے وحدت** (زبانی) | ضعیف | متوسط | خوب | خیلی خوب |
| **عملی مشق:** | (i) **اعمال عاشورہ** ۔ پہلا طریقہ | ضعیف | متوسط | خوب | خیلی خوب |

استاد محترم کے دستخط:.........................................